اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَكَّرُوْنَ
الحمد للہ والمنت کہ درین زمان میمنت اقتران رسالہ سراپا ہدایت یعنی
تالیف حضرت حقائق آگاہ معرفت دستگاہ جناب شیخ پیران صاحب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

هُوَ الْاَوَّلُ هُوَ الْاٰخِرُ هُوَ الظَّاهِرُ هُوَ الْبَاطِنُ

شکر ہے اس ذوالجلال بے مثال کو کہ جسنے یہ پتلہ خاک کو یہ رتبہ دیا اور اشرف المخلوقات بنایا اور فرمایا قولہ تعالے اِعْمَلُوْا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ یعنے شکر کرو تم آل داؤد کے شکر کے تئین تھوڑے ہین بندے شکر کے کرنیوالے اور واسطے شفاعت اس امت گناہگار کے وسیلہ جناب سرور کائنات کا بنایا اور ان حضرت کی شان مین خود فرمایا لَوْلَاكَ لَمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاكَ یعنے نہ پیدا کرتا مین یا محمد تمکو نہ پیدا کرتا مین زمین و آسمان کو اور فرمایا اللہ تعالے نے وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ بھیجا ہمنے تمکو یا محمد مگر واسطے رحمت کرنے اوپر عالم کے اور فرمایا ہی اللہ تعالے اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا اور درود ہوا اللہ تعالے کا اوپر انکے اور اوپر آل و اصحاب تمام انکے کے

چہ غم دیوار امت را کہ دارد چون تو پشتیبان + چہ باک از موج بحر آنرا کہ باشد نوح کشتیبان

یہ شہید عشق تیغ احمدی شیخ کریم الدین کہ مرید خاکپائے نعلین پیشوائے عارفین
تاج المشایخ جناب شیخ غلام نظام الدین چشتی باشندہ اورنگ آباد شریف کا
ہے بفرمائش حقائق آگاہ واصل بارگاہ عاشق اللہ بسم اللہ خان جوکہ مرید پیر برحق کعبہ
مطلق جناب سر حق شاہ صاحب باشندہ ہنگولی کے ہین اور باسرار واصلان
دین پیشوائے سالکان رہگزین دانندۂ اسرار یزدان عاشق سبحان سردار خان کہ
مرید معظم ومکرم جناب مولوی معصوم صاحب نقشبندی باشندۂ اکولہ بالاپور کے ہین انکی
عنایت کفیض ہدایت اور بطفیل رمزدان اسرار خفی وجلی جناب شیخ اکرم علی صاحب
چشتی باشندۂ قصبۂ مہکر کے عنایت پذیر ہوکر اوپر دو فصل کے اتمام کیا ایک فصل
اول بیچ بیان احوال ذوالجلال کے فصل دوسری شامل اوپر احوال ترکھوٹی اور
متفرقات کے فصل اول بیچ حال بیان اُس ذوالجلال کے آغاز حال اب حال اُس
ذوالجلال بے مثال کا سنو یعنے جسوقت وہ اپنی بیخودی مین تھا نام اُسکا ہاہوت تھا
اُس حال کی لذت لینے کو آسمان وزمین کی صورت بنکر نظر کا حال تھا سونام اُسکا
لاہوت رکھا اُسکی لذت لینے کو عاشق بنکر سمجھ بوجھ کا حال تھا سونام اُسکا جبروت
رکھا اور اس حال کی لذت لینے کو پیغمبرون کی صورت بنکر ڈر اور خوف کا حال تھا سونام
اُسکا ملکوت رکھا اور اُس حال کی لذت لینے کیواسطے فرشتون کی صورت بنکر رہنے اور
چلنے کا حال کا تھا سونام اُسکا ناسوت رکھا ان پانچون کی لذت آپ لیا گنج مخفی
سے باہر آیا اور گنج مخفی مین جاویگا لایا عشق اور لیجاویگا محظوظی سعی سعی کرتا تو بندہ
بنا ہے اور ناسوت ملکوت جبروت لاہوت یہ چار حال مقام فنا کے ہین
اور ہاہوت مقام بقا کا ہے یعنے اُسکی یاد مین بیخود ہو جاتا اور اُسکو ہر جگہ خیال
کرنا موجب آیت کریمہ یعنے لیس فی الدارین الا ہو یعنی نہین ہے کوئی
دونون جہان مین سوائے اُسکے اور جب جناب باری کو عشق پیدا ہوا پہلے
اس عشق مین اول نور محمدی کو پیدا کیا اور نام اُسکا احمد رکھا اور اس نور سے چار
چیزین پیدا کین اول ہوا کہ دوم ہوا زیادہ سوم آب چہارم خاک پنجم آگ

ششم آب منی ہفتم روح ہیزدہ ہزار مخلوق کی یہ سب پیدا کین اوران سب
کو ہمراہ نور اپنے اور نور احمدی کے شریک کر کر پتلہ آدم کا بنایا اور اسی نور احمدی
سے تمام چرند پرند گزند درند یعنے جتنے جانوران روے زمین کے اور جمیع اُسی
پیدا کین بلکہ آسمان و زمین اور فرشتے وحور و غلمان جنت و بہشت اور دوزخ
کو بھی بنایا اور آدم کے پتلہ کی بائین پسلی سے حوا کو پیدا کیا اور فرمایا اِنَّ اللّٰہَ
عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ یعنے اللہ تعالیٰ سب شئے پر قادر ہے اور جبکہ پتلہ آدم کو پیدا کیا ایسا
فرمایا اللہ تعالےٰ نے اَلْاِنْسَانُ بُنْیَانُ رَبِّہٖ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی خَلَقَ اٰدَمَ عَلٰی صُوْرَتِہٖ
یعنے انسان جو ہے بنیاد میری ہو پیدا کیا آدم کو اوپر صورت اپنی کے اور بنیاد
آدم کی پانچ چیز سے ہے خاک آب ہوا آگ نور۔ خاک سے ہڈی گوشت
چمڑا بال رگ اور پانی سے بھوک پیاس سستی نیند ہاضمہ اور آگ
سے چلنا ہلنا جمائی سوچنا کانپنا اور ہوا سے بولنا دیکھنا ڈر آب منی غصہ
اور نور سے محبت اور وفا ان پانچون کے پانچ ثمر خاک کا ثمر سونگھنا آب
کا ثمر چکھنا اور آگ کا ثمر دیکھنا ہوا کا ثمر لگنا نور کا ثمر جاگنا اور ان پانچون کے
پانچ رنگ ہین خاک کا رنگ پیلا آب کا رنگ لال آگ کا رنگ کالا ہوا کا رنگ
سبز نور کا رنگ اجلا اور ان پانچون کی پانچ لذت ہین خاک کا مزہ کھارا آب
کا مزہ میٹھا آگ کا مزہ تیز ہوا کا مزہ کھٹا نور کا مزہ کڑوا اور ان پانچون کی
پانچ صورت ہین خاک کی صورت ہاتھی کی آب کی صورت مچھلی کی آگ
کی صورت شیر کی ہوا کی صورت سانپ کی نور کی صورت طاؤس کی اور
ان پانچون کی پانچ جگہ ہین خاک کی جگہ پڑے رہنا آب کی جگہ چلنا آگ کی جگہ
دوڑنا ہوا کی جگہ ہلنا نور کی جگہ کھڑے رہنا اور ان پانچون کے پانچ آزار ہین
خاک کا آزار پھوڑا پانی کا آزار سردی آگ کا آزار تپ ہوا کا آزار حرارت نور
کا آزار ترک اور ان پانچون کے پانچ گھر ہین خاک کا گھر تلی آب کا گھر کلیجا آگ
کا گھر پتا ہوا کا گھر پھیپسا نور کا گھر دل اور وجود مین تین سو ساٹھ ہڈی ہین اسمین

تین ہڈیاں الگ ہین آنکھ مین رائی کے برابر زبان مین تل کے برابر اعضائے تناسل
مین جو کے برابر اور وجود مین تین سو ساٹھ رگین ہین اور تین سو ساٹھ گوشت کے
ٹکڑے ہین اور تین ہاتھ انتری دس ہاتھ مین طعام اور دس ہاتھ مین پانی اور دس
مین دم کا آنا جانا ہے اور تین کروڑ وجود مین بال ہین اسطرح پر پتلہ آدم تیار کر کر خود
اسکا عاشق ہوا اور اسی عشق مین ایسا فرمایا اَلْاِنْسَانُ سِرِّیْ وَاَنَا سِرُّہٗ
یعنی انسان بھید میرا ہے اور مین بھید انسان کا ہون اور روح خاص پاک یعنی امر
خاص کو اُسمین داخل کیا اور خیر و شر کا اختیار دیا اور فرمایا یَسْئَلُوْنَکَ عَنِ الرُّوْحِ یعنے
روح کیا ہے اللہ تعالے کا امر ہے اور پھر روح کو حکم ہوا کہ وجود کے باغون کی سیر کرو
معلوم ہووے کہ اس وجود مین پانچ باغ ہین باغ اول چشم اُس باغ کا نام شریعت
پھول اور پھل اُسکے یہ ہین جو کچھ دیکھنا چپ رہنا اور جو کچھ خیال کرنا اُسی کا خیال کرنا
باغ دوم ناک نام اُسکا طریقت پھول پھل اُسکا سونگھنا اشارہ اُسکا رکھنا اور خاموش
رہنا باغ سوم کان نام اُسکا حقیقت پھول پھل اسکے جو کچھ آواز آوے بجز آواز خدا کے
اور کچھ خیال نکرے باغ چہارم زبان اس باغ کا نام معرفت پھول پھل اسکے کوئی
ظلم کرے اُف نکرنا اور مُنہ دیکھکر چپ رہنا جیسا کہ اللہ تعالے خود فرماتا ہی بموجب اس آیت کے
اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ یعنے اللہ تعالی ہمراہ ہی ساتھ صبر کرنیوالون کے باغ پنجم آب
منی اس باغ کا نام وحدت ہے اور پھول پھل اُسکے تکبر اور وسواس دور کر کر سب کو
ایک سمجھنا یہ جتنے باغ ہین واسطے سیر روح کے اور ان پانچ باغون کے پانچ محل ہین
محل اول ناسوت محل دوم ملکوت محل سوم جبروت محل چہارم لاہوت محل پنجم
ہاہوت عارف کو چاہیے کہ محل اول کے دروازے کو بند کر رکھے یعنے کسیکو بدنظری سی
نہ دیکھے اور محل دوم کے دروازے کو کھول کر گل طریقت کی خوشبو سونگھے اور محل سوم کے
دروازے کو کھول کر آواز یار سُنا کرے اور محل چہارم کے دروازے کو کھول کر
باغ دنیا کی سیر کرے اور بجز یاد حق کے کچھ نہ بولے اور خاموش رہے بموجب حدیث
شریف کے کُنْ فِی الدُّنْیَا کَاَنَّکَ غَرِیْبٌ اَوْ عَابِرُ سَبِیْلٍ یعنے دنیا

جلسے سرا ہے مسافر کے مانند رہو اور محل نجم کے دروازے کو بند کر کر بیٹھا رہے اور کچھ کسی سے نہ کہے اور نہ کچھ سنے اور تفصیل منزلون کی یہ ہی سنو منزل اول ناسوت ن سے نیت نیک دل مین رکھنا بدی سے درنا بموجب حدیث شریف کے اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ تحقیق کہ اعمال ساتھ نیت کے ہین اور ارادہ قتل نفس کا کرنا بموجب شریف کے قَتْلُ الْمُوْذِیْ قَبْلَ الْاِیْذَا یعنے قتل کرو تم موذی کو آگے ایذا دینے کے اور یہ دعا ہمیشہ پڑھتے رہنا رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَکُوْنَنَّ مِنَ الْخَاسِرِیْنَ اے رب میرے ظلم سے نفس کے بناہ دے مجکو اور س سے سخی ہونا ذکر حق مین جتنا کہ ہو سکے بموجب حدیث شریف کے جیسا کہ اَلسَّخِیُّ حَبِیْبُ اللّٰهِ الْاَعْظَمُ یعنے سخاوت خوا اللہ تعالی کی ہی اور وسے ورثہ کا طالب کرنا یعنی اللہ تعالے کے نور سے کل شے ہے اور مین بھی اسی کے نور سے ہون بہتر ہے کہ پھر آپ کو اُسی نور سے ملاوے بموجب حدیث شریف کے یعنے کُلُّ شَیْءٍ یَرْجِعُ اِلٰی اَصْلِهٖ تحقیق کہ تمام شے رجوع ہوتی ہی اوپر اصل اپنی کے اور ت سے تعریف اُسکی اور اسکے حبیب کے سوا کچھ نہ بولے منزل دوم ملکوت م سے محبت حق پیدا کرنا د ل سے ل سے لاریب جاننا اسکو جو کچھ کیا اور جو چاہیگا سو کریگا ک سے کل حال کو سمجھنا کہ سبھی کریگا سے ہے و سے وجود مین شکل محمد کی جو شبیہ ہے ذکر کے وقت اسکو روبرو کرنا ت سے تکبر کا خیال بالکل دل پر نہ رکھنا بموجب حدیث شریف کے لَا یَدْخُلُ الْجَنَّةَ وَلَوْ فِیْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ وَلَوْ کَانَ مِنْ کِبْرِیَائِیْ نہین داخل ہوگا جنت مین جسکے دل مین ذرہ کے برابر تکبر ہوگا منزل سوم جبروت ج سے جمال کا دیکھنا اور ب سے بزرگی کوئی کرے مگر آپ اُسکا خیال نکرے ر سے رحمت خدا سے ہر وقت امید وار رہنا و سے اُسی کا خیال کرنا کہ اللہ سب شی مین موجود ہی بموجب آیت کریمہ کہ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطٌ یعنے اللہ تعالے سب شے پر احاطہ کیا گیا ہے ت سے تلاوت قرآن یعنی جو کہ شکل اللہ تعالے کی اپنی شکل مین ہی اسکو دیکھنا اور

جمانا منزل چہارم لاہوت مقام لامکان منزل پنجم یاہوت ھ۔ سے ہر وقت اُسی کی یاد مین رہنا اسی الم یعنے رنج و فکر مین بجز فکر رب کے دوسرا زبان پر نہ لانا دوسرے ھ۔ سے ہدایت کرنا نفس کو واسطے حرام کہانے کے یعنی کسی طرح کا غصہ یا تکبری نکرے و۔ سے وہی کام کرے جو کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہےت۔ سے تکرار نفس سے کرے اگر نفس بدی کی نیت کرے تو آپ برخلاف اسکے نیکی کرے اللہ تعالے کلام اللہ مین فرماتا ہے یَا اَیُّھَا النَّاسُ ادْخُلُوا فِی السِّلْمِ کَافَّۃً وَّلَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّیْطَانِ اِنَّہٗ لَکُمْ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ یعنے اے بندے میرے ڈرو تم تحقیق کہ شیطان دشمن تمہارا ہے اور اس وجود مین پانچ دریا مین اول دریا دل نہر اُسکی زبان پانی اُسکا میٹھا دوم دریا پھیپہا نہر اُسکی ناک پانی اُسکا کھٹا سوم دریا کلیجہ نہر اُسکی آنکھ پانی اُسکا کھارا چہارم دریا پتہ نہر اُسکی کان پانی اسکا کڑوا اور پنجم دریا آب منی نہر اُسکی اعضاے تناسل پانی اسکا پھیکا اور اس قطرہ کو بعضے عارف آب حیات بھی کہتے ہین اس وجود مین سات طبق زمین اور سات طبق آسمان کے ہین اول طبق آسمان مغز دوم طبق آسمان انکھیان سوم طبق آسمان کان چہارم طبق آسمان حلقوم پنجم طبق آسمان شہرگ ششم طبق آسمان دگدگی ہفتم طبق آسمان دل اب زمینون کا بیان اول طبق تارک دوم طبق زمین پشت سوم طبق زمین شکم چہارم طبق زمین ناف کمر پنجم طبق زمین رانان ششم طبق زمین پنڈلیان ہفتم طبق زمین قدم ای عزیز آگے بیان پردون کا ہی اور از پردونکا بہت باریک ہی سوا مرشد کامل کے یہ بات حاصل ہونا بہت مشکل ہی جیسا کہ فرماتا ہی اللہ تعالے فَسْئَلُوْا اَھْلَ الذِّکْرِ اِنْ کُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ یعنے پس سوال کرو تم صاحب ذکر سی اگر ہو تم نہین جاننے والے اور ان پردون کے کھولنے کو بہت سی عاشق سر بار مار کر مر گئے اور بہت سی عاشقان مرشد کامل کی مدد سی منزل مقصود کو پہونچے اور اس عاجز نے جو اُن پردون کی کیفیت کا ہی مرشد کامل کی مدد سے اس منزل کو طے کر کے اور اُسکی کیفیت دیکھکر پیر عارفون کی خدمت

مین عرض کرتا ہوا اور عارفون کو بغیر یاد حق یک لقمہ کہانا حرام ہے فرماتا ہو اللہ تعالے
لا تعترفوا في عبادي یعنے مت خرچ کرو تم اپنے دم کو بغیر یاد حق کے اور اب
اُن پردون ظلماتی کی تفصیل سنو اوّل پردہ تکبر کا یعنے فرمایا رسول صلی اللہ علیہ وسلم
نے کہ قَالَ شَيْطَانُ خَلَقْتَنِي مِنْ نَارٍ وَخَلَقْتَهُ مِنْ طِينٍ کہا شیطان نے کہ پیدائش
میری آگ سے ہے اور پیدائش آدم کی خاک سے ہے پس اس باعث طوق لعنت
اُسکی گردن مین پڑا پس جو شخص کہ تکبری کریگا اسکا وہی حال ہوگا نعوذ باللہ منہا
یعنے پناہ دے اللہ تکبر سے دوسرا پردہ بغض یعنے ظلم کا فرماتا ہے اللہ تعالے
لَعْنَتُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ یعنے لعنت ہے اللہ تعالٰی کی ظالم پر اول ظالم
دنیا جو امت رسول پر ارادہ ظلم کا کرے اور دوسرا ظالم دین نفس کا بندہ بنکر اور
تابعدار شیطان کا ہوکر جو شخص کہ کام نیک کرے اُسکو برا کہے اور طعنہ و مذمت کا
اوپر اُسکے دہرے تیسرا ظالم عارف یعنے اپنے کو تو خود نجانے کہ مین کون ہون اور
مستون اور سالکون و عارفون کو کہے کہ یہ ولی کاہے کے ہین جو کہ شراب پیتے ہین
اور یہ سالک کاہے کے ہین جو دن رات خود خراب عورتون کے ساتھ بسر کرتے ہین
مگر نہین جانتے کہ وہ لوگ جو آپ ہوکر رندون کی تابعداری کرتے ہین فقط نفس کو
تنگ کرنے کے واسطے اور نفس پر اپنے نفس کو شرارت پر دیکھکر اور برے کام کرنے
مین مشغول ہوتے ہین تاکہ کوئی شخص دنیا والا انکو خراب کہے اور گالیان دے تو وہ
پھر اپنے نفس کو کہتے ہین کہ دیکھو تیرے کہنے سے مین نے یہ کام کیا اور فضیحت ہوا
اب تیرا کہنا ہرگز نہ کرونگا پس فرمایا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مَنْ عَرَفَ
نَفْسَهٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهٗ یعنے جسنے پہچانا نفس اور اُسکی خصلت کو پس اُسنے پہچانا اپنے
رب کو اور نفس کے تین حرف ہین ن۔ سے نفع پانا ذکر سے یعنے فرماتا مرشد
کامل کا بجالانا ف۔ سے فنا کرنا اپنے جسم کو ذکر حق مین س۔ سے سلامت
رکھنا اپنے دم کو اسی کی یاد مین یہی پہچان نفس کی ہے اور کسی بزرگ نے پہچان
نفس کی نہین لکھی مگر مین نے نفس کی پہچان اسی سبب سے لکھی کہ سبکو معلوم

معلوم ہوجاوے بیت مکن نفس امارہ را پیروی + کہ ناگہ گرفتار دوزخ شوی + تیسرا پردہ دروغ گوئی جیساکہ فرماتا ہی اللہ تعالے وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ یعنے عذاب الیم ہے اُن لوگون کے واسطے جوکہ جھوٹ بولتے ہین لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكَاذِبِيْنَ یعنے لعنت ہے اللہ تعالے کی جوکہ دروغ بولکر آدمیون کا نقصان کرتے ہین پناہ دے اللہ تعالے چوتھا پردہ حسد کا فرمایا رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے اَلظُّلْمُ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ یعنے ظلم اندہرا ہے دن قیامت سے زیادہ پانچواں پردہ غفلت کا فرمایا اللہ تعالی نے فَاذْكُرُوْنِيْ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ یعنے پس ذکر کرو تم میرا ذکر کرون مین تمہارا اور شکر واسطے میرے ہی اور ناشکری مت کرو چھٹا پردہ حدث کا فرماتا ہے اللہ تعالے اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌ بِالسُّوْءِ تحقیق کہ نفس تمہارا ترغیب دیتا ہے بدی کی طرف بموجب فرمانے سعدی علیہ الرحمۃ کے بیت یار ناپائدار دوست مدار + دوستی را نشاید این غدار + ساتوان پردہ عدم یاد کا جیساکہ فرمایا اللہ تعالے نے وَاذْكُرْ رَبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ یعنے یاد کرو اپنے رب کی جبکہ فراموش ہوگئے تم اور جس بندہ نے یاد نکیا اور اسکی پیروی مین ہوا پس وہ شخص منکر ہے اور اللہ تعالے نے کلام اللہ مین فرماتا ہے وَمَنْ كَانَ فِيْ هٰذِهٖ اَعْمٰى فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى وَاَضَلُّ سَبِيْلًا یعنی جو شخص بیچ دنیا کے اندھا ہی پس وہ بیچ دن قیامت کے بھی اندھا اور گمراہ ہے راہ کا پس جو کہ گمراہ ہوا راہ کا تو وہ شخص اُسکا بندہ بھی نہین ہے اور اسکے حبیب کی اُمت مین بھی نہین ہی کسواسطے کہ روحون نے اللہ تعالے سے اقرار کیا ہے یعنے جسوقت اللہ تعالی نے فرمایا کہ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ یعنے کہ مین تمہارا رب ہون اسوقت روحون نے جواب دیا کہ قَالُوْا بَلٰى یعنے بیشک تو ہے رب ہمارا اور انکے قول کرنے پر نفس کو ہمراہ روحون کے کیا واسطے گواہی روحون کے اور اب بہت سے لوگ جاہل فقیر بدخصلت کھانا اور پانی خوب کھاپی کر سوتے ہین اور اُسکی یاد نہین کرتے یعنے جس شخص نے بغیر یاد کے ایک لقمہ لیا وہ حرام ہے اور دنیا کے بتلانے کو نماز روزہ بطور مکر کے کرتے اور

شراب بھی پیتے اور کہتے ہین ہم اپنے یاد اللہ کے نہین پیتے کہ یہ شراب ہمپر حلال ہی پس اُسی
سے سوال کرو اگر تم مین طاقت شراب کے دور کرنے کی ہی تو روا ہی اور اگر طاقت دور کرنے
کی نہو تو حرام سالک ہو یا فقیر بموجب شرع شریف کے لائق سزا ہے بیت خلاف پیغمبر
کسی راہ گزید + کہ ہرگز بمنزل نخواہد رسید + اور اللہ تعالی فرماتا ہی اُولٰئِكَ كَالْاَنْعَامِ
بَلْ هُمْ اَضَلُّ یعنے وہ لوگ جیسے چارپاے جانور بلکہ انسے بھی گمراہی مین زیادہ ہین اے
عارف یہ سات پردے نور کے ہین اور اُنکی منزل بھی بعضے بزرگ کہتے ہین تفصیل
پردون کی یہ ہی اول پردہ وضو کا نیت وضو کی یہ ہی اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ
فَاغْسِلُوا یعنے جبکہ ارادہ کرو تم نماز کا وضو کرو اور فرمایا رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے
لَا صَلٰوةَ لِمَنْ لَا وُضُوْءَ لَهٗ وَلَا وُضُوْءَ لِمَنْ لَمْ يَذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ یعنے
نماز نہین ہے جسکو وضو نہین ہے اول وضو بعد نماز ہی اور وضو نہین ہے اُسکو جو
شروع مین بسم اللہ نہ کہے نیت یعنے بسم اللہ کہنا یہ ہے کہ مرشد کامل کرنا
اور دونون ہاتھ دھونا کیا ہی کہ مکر کو دور کرنا منھ مین پانی لینا کیا ہی کہ ذکر
جلی زبان سے کرنا اور تین بار ناک مین پانی لینا کیا ہے کہ طمع کی بدبو ناک سے
نکالنا اور منھ کو عرض و طول مین دھونا کیا ہے کہ نشست کبرا پر بیٹھکر صورت
اللہ تعالی کی جو اپنی صورت مین ہی اُسکو جمانا اور تین بار دونون ہاتھون پر
کہنیون تک پانی بہانا کیا ہے کہ فراق یار مین اتنا رونا کہ آنسو دونون ہاتھ
تک بہہ جاوین اور مسح پاو سر یا تمام سر کا کیا ہے کہ اُسکے شوق مین غرق ہو
جانا اور مسح گردن اور ایڑی اور انگلیون کا کیا ہی کہ جو کوئی کچھ بولے بطور
حلال کے بھی دل پر خیال نہ لانا اور دونون پاؤن کو دھونا کیا ہی کہ جو کچھ مرشد کامل
نے امر و نہی فرمایا ہے اُسپر ثابت قدم رہنا اور خلال پانون کے انگلیون کا کیا ہی
کہ بجز راہ سیدھی کے دوسری طرف رخ نہ کرنا دوسرا پردہ غسل کا فرمایا رسول
مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے اِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا یعنے جبکہ ہو تم حالت
غسل مین پس اپنے کو پاک کرو تم جسم کو پاک کرنا کیا ہے یعنے صاف کرنا دل کو خطرہ

شیطانی سے اور دوسرا حکم شریعت کا یہ ہے کہ جسم کو پاک کرو نجاست سے سوا بکے لوگ بہت فقیرون کے نزدیک بیٹھکر اور انکی زبان غیب بیان سے سنکر خود سالک اور فقیر بنکر بغیر نکاح غیر عورتون سے صحبت بد کرتے ہین اور اپنے جسم کو اسنجے سے خراب کرتے ہین اور پھر پاک بنتے ہین یا کسی عاشق اللہ کی اولاد بنکر یا دیکھکر اُنکے مرید ہوکر اپنے کو ولی نفس کے جانتے ہین اے عارف ایک تو وہ لوگ حرام کرتے ہین اور دوسرے مرشد اپنے کے فرمانے کو بھول جاتے ہین اگر وہ مرشد اُنکے زندہ ہوئے تو ایسے ڈھنگ دیکھکر خارج سلسلہ سے کرتے ہین جبکہ وہ خارج سلسلہ ہوے پس وہ لوگ راندۂ درگاہ الہی ہوے کیونکہ جو فرمانا مرشد پاک کا ہے وہی فرمانا خدا اور رسول کا ہی اور جبکہ حکم خدا اور رسول کا ترک کیا کافر ہوا نعوذ باللہ منہا اور وہ جو کہ غیر عورتون سے حرام کرکے غسل کرتے ہین تو حرام کا غسل کون مسئلہ مین اور کون سی فقیری منزل مین جائز ہے جبکہ ایسے کام وہ لوگ کرکے اور پھر طریقت مین دم بھرتے ہین تو کب منزل مقصود کو پہونچینگے ای عارف کیا اگلے فقیرون یا سالکون نے شادی یعنے نکاح نہین کیے ہین جو یہ لوگ ایسا کرکے اس منزل کو ٹھاتے ہین اور اپنے مرشد کو بدنام کرتے ہین اور ناحق آپ ولی بنتے ہین اور محفلون مین بیٹھکر اللہ ہو کی صدا لگا لیتے ہین پس وہ مکار ہین اور ایسے کام فقط لوگون کے فرمانبردار کرنے کو کرتے ہین اور جو شخص کہ اُن سے رجوع ہوا اُسکو بھی اُسی منزل پر لاتے ہین یقین ہوا کہ وہ شخص بجاے شیطان کے ہین اور بدعتی ہین بموجب حدیث شریف کے فرمایا رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے آھْلُ الْبِدَعِ کِلَابُ النَّارِ یعنے بدعت کرنے والے سگان دوزخ کے ہین نظم بزرگون نے فرمایا ہے ؎

ابیات

مولوی گشتی و آگہ نیستی	خود کجا و از کجا و کیستی
از خود آگہ چون نئی اے بے شعور	پس نیاید بر چنین علمت غرور
مباش در پے آزار ہرچہ خواہی کن	کہ در شریعت ما غیر ازین گناہی نیست

زبان در ذکر دل در فکر خانہ	چہ حاصل زین نماز پنجگانہ
چہ شد گر مصحفم در پیش باشد	چون دل در فکر گاؤ میش باشد
سجدہ برکف توبہ برلب دل پر از ذوق گناہ	معصیت را خندہ می آید ز استغفار ما

اور غرغرہ کرنا کیا ہے کہ غم و غصہ کو پینا اور ناک مین پانی ڈالنا کیا ہے کہ خیال پاک اور صاف رکھنا بجز شبیہ مرشد کے دوسری شبیہ خیال مین نہ بیٹھے اور تین بار پانی سے جسم کو دھونا کیا ہے کہ اسکی قدرت مین کسی چیز کو دیکھکر حیرت نہ کرنا کہ کیسی یہ چیز ہوئی کیونکہ وہ رب جو چاہے سو کر لیگا تیسرا پردہ نماز کا جیساکہ فرمایا اللہ تعالے نے یَآ اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوۃِ یعنے اے لوگون ایمان لاؤ تم ساتھ صبر اور نماز کے فرمایا رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے لَا صَلٰوۃَ اِلَّا بِحُضُوْرِ الْقَلْبِ یعنے نہین ہوتی ہی نماز جب تک کہ حضور قلب نہو نماز عارفان نیت اُنکی یہ ہے یعنے جسوقت کہ نماز پر کھڑا ہووے الف اللہ کا تصور کرے اور دو جہان سے اُسکو پاک جانے اور اللہ اکبر کیا ہے کہ اُسکو شہرگ سے نزدیک سمجھے جیساکہ فرمایا اللہ تعالے نے نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْہِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ یعنے نزدیک ہون مین شہرگ سے تمھاری اور دونون ہاتھ باندھکر شبیہ مرشد پر فکر کرکے تعوذ اور سورہ فاتحہ اور سورہ ختم کرنا کیا ہے یعنے جسطرحکا ارشاد ہووہ ذکر کرنا رکوع مین جانا کیا ہے یعنے شکل محمد بن جانا اور قیام مین جانا کیا ہی یعنے شبیہ اللہ ہونا اور سجدہ مین جانا کیا ہے یعنے جمال مرشد کا دیکھنا اور قاعدے مین بیٹھنا کیا ہے یعنے شکل احمد بنجانا سلام پھیرنا کیا ہے یعنے دین اور دنیا سے پاک ہونا جیساکہ عارفون نے کہا ہے بیت نماز زاہدان سجدہ سجود است + نماز عاشقان ترک وجود است اے عارف جو شخص اسطرح کی نماز پڑھے اُنکے حق مین اللہ تعالے فرماتا ہی لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ یعنے نہین ہے خوف اُنکو نہ غم اُنپر

	ابیات	

گر تجلی خاص خواہی صورت السابقین — ذات حق را آشکارا اندرو چندان ببین

بندۂ عشق شدی ترک نسب کن جامی — کہ درین راہ فلان ابن فلان چیزے نیست

اے قوم بحج رفتہ کجا ئید کجا ئید — معشوق ہمین ست بیا ئید بیا ئید

آنا کہ طلبگار خدا ئید خدا ئید — حاجت بخدا نیست شما ئید شما ئید

این مدرسہ نیست جائے آواز — از سینہ بہ سینہ می رسد راز

خواہی چو خلیل کعبہ بنیاد کنے — آنرا بہ نماز و روزہ آباد کنے

روزے دو ہزار بندہ آزاد کنی — بہ آں بود کہ خاطر را شاد کنی

دردمندان گنہ را روز و شب — شربت دیدار را بہتر ز استغفار نیست

ہرچہ داری صرف کن در راہ او — لن تنالوا البر حتی تنفقوا مما

تا بہ جاروب لا نروبی راہ — نرسی در مقام الا اللہ

خود بخود می بید دخو میکند با ہم کلام عارفان انیست دیگر خیر یفید الشی و السلام چوتھا
پردہ روزہ کا فرمایا اللہ تعالے نے صوموا لرؤیتہٖ وافطروا لرؤیتہٖ یعنے روزہ رکھو
تم چاند دیکھکر اور افطار کرو تم چاند دیکھکر خلاصہ اسکا یہ ہے کہ جب مرشد پاک سے بیعت کرے
تو چار روزے رکھے روزہ اول شریعت کا یعنے روزہ آنکھ کا روزہ دوم طریقت
یعنے روزہ کان کا روزہ سوم حقیقت یعنے روزہ زبان کا روزہ چہارم معرفت
یعنے روزہ اعضاے تناسل کا اللہ تعالی فرماتا ہے تصوموا یعنی روزہ رکھو تم
اور یہ نہین فرمایا کہ روزے رمضان کے رکھوائے عارف پہلے یہ چار روزے
کا جو ذکر ہوا اسکو کرے بعد از روزے رمضان کے رکھنے کا ارادہ کرے اور فرمایا
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ فرماتا ہے خدا الصوم لی وانا اجزی بہ یعنے روزہ
واسطے میرے ہے اور مین دیتا ہون اجر بیشمار روزہ دار کو یعنے اسکو دیدار سے
پس جس روزہ دار نے یہ چارون روزے رکھ لیے اسکو دیدار حق ہوا اور جسنے
یہ چارون روزے نہین رکھے دیدار حق کو ترک کیا جب دیدار حق کو ترک کیا پس
وہ شخص کافر ہوا اور فرماتا ہے حق تعالی قد خسر الذین کذبوا بلقاء اللہ وما کانوا مھتدین

بیشک کہ زیان کار ہوئے جنھوں نے کہ جھٹلایا دیدار اللہ تعالی کا اور نہین تھے ہدایت
پانیوالے اے عارف جس عارف نے یہ روزہ ترک کیا وہ عارف نہین کاذب ہے
کہ نیا کے تبلانے کو عارف بنا اللہ تعالے فرماتا ہی لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكَاذِبِيْنَ ؕ
یعنے کہ لعنت ہے اللہ تعالی کی جھوٹون پر جب اللہ تعالے نے اُسکو لعنتی کہا پس
وہ شخص شیطان ہے پس اُسکے تمام کار بطور شیطان کے ہونگے اور سعدی
علیہ الرحمۃ فرماتے ہین بیت کسی را کہ شیطان بود پیشوا + کجا باز گردد براہ خدا
پانچوان پردہ قناعت کا اللہ تعالے فرماتا ہے القناعۃ مالا نفیل
قناعت وہ ہی کہ فنا نہین ہوتی ہی پردہ چھٹا راستی کا فرماتا ہی اللہ تعالی الصِّدْقُ
يَهْدِي إِلَى الْبِرِّ يَهْدِي إِلَى الْجَنَّةِ ؕ یعنی راستی راہ نیکی کی دکھاتی ہی اور
راہ سیدھی طرف جنت کے بموجب قول سعدی علیہ الرحمۃ کے بیت راستی
موجب رضاے خدا است + کس ندیدم کہ گم شد از راہ راست + ساتوان
پردہ صبر کا فرماتا ہے اللہ تعالی اَلصَّبْرُ مِنَ الْاِيْمَانِ بِمَنْزِلَةِ الرَّاْسِ مِنَ الْجَسَدِ
یعنی صبر ایمان کا گھر ہی جسکو صبر نہین اُسکو ایمان نہین اور فرمایا رسول صلی اللہ
علیہ وسلم نے اَلصَّبْرُ مِفْتَاحُ الْفَرَجِ صبر کنجی خوشی کی ہی یعنے کھولنے والی مقصد کی
بقول سعدی علیہ الرحمۃ بیت صبوری بر آرد مراد دلت + کہ از خاطران حل شود
مشکلت + اور عارف کو چاہیے کہ جسطرح سے یعنے ترکیب وضو اور غسل کی بیان
کی ہی اُسطرح سے نماز ادا کرے اور بعد مرشد کے تصدق ہوتا رہے یہی حج ہے
فرمایا اللہ تعالے نے وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَجَاهِدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
یعنے پڑھو تم نماز اور دیو تم زکوٰۃ اور جہاد کرو تم کافرون پر واسطے اللہ تعالے کے
نماز کیا ہے وہی نماز جو ذکر ہوا اور زکوٰۃ کیا ہے یعنے جناب سرور کائنات پر درود
بھیجنا اور جہاد کیا ہے کہ نفس کافر پر جہاد کرنا یعنی اُسکو مارنا یہی جہاد فی سبیل اللہ

فصل دوسری شامل اوپر احوال ترکھوئی و متفرقات اور تمامی کتاب کے

ترکھوئی کا حال یہ ہے کہ طمع سے پرہیز کرنا طمع کے تین حرف ہین ط سے طمع دنیا چھوڑنا م سے محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے دل مین پیدا کرنا ع سے عبادت باطنی کرنا اور ترکھوئی خاص یہ ہی نور اور دل اور روح اُسکو بھی ترکھوئی کہتے ہین اور عاشق اللہ اور عاشق رسول ہونا بہت مشکل ہے جو شخص کہ انکا عاشق ہوا تو پھر اُسے دنیا سے کیا کام اور بہت سالک ہوکر عورتون سے محبت کرکے عشق مجازی کا نام دھرتے ہین وہ جھوٹے ہین اے عارف عاشق مجازی اُسکو کہتے ہین کہ اپنے مزاج کو نفس کے حکم مین نہ ہوے اور اپنے نفس پر خود حاکم رہے اُسکو عشق بولتے ہین اور اب ہم اُنکے کہنے سے عورتون کے عشق کو مجازی سمجھین تو بھلا عاشق کو چاہیے کہ جان و مال معشوق پر فدا کرے اور یہ کیسے عاشق ہین کہ جان و مال اپنا بچا کر فدا کرنے کی جاے پرائے جوتی بیزار کرتے ہین اور جو کچھ کہ نفس کہتا ہے وہی کرتے ہین بھلا اب تم فرماؤ کہ یہ کیسی عاشقی ہے اور عاشق کو تو اپنی عاشقی سے کام اسکے فعلون سے کیا غرض پس یہ لوگ اپنے عشق مین فاسق ہین اور جو کہ عاشق ہوے ہین اُنکا یہ حال ہوتا ہی خواہ مجازی ہو خواہ حقیقی ہو بموجب فرمودۂ جناب سعدی علیہ الرحمۃ

بیت	عاشقان کشتگان معشوق اند		بر نیاید ز کشتگان آواز

بیان پیری اور مریدی کا تین طرح پر ہے

اکثر لوگ بیعت کا شوق کرکے تلاش کرتے ہین مگر پیر کامل نہین دیکھتے اور اکثر لوگ ایسے مرید ہوتے ہین یعنی کوئی پیر امیر اگر ملیگا تو ہم اُسکے مرید ہونگے کیونکہ پیر صاحب تو امیر ہین اپنا مرید جان کر ہمکو بہت عزت و آبرو سے رکھینگے اسواسطے مرید ہوتے ہین اور کہتے ہین کہ ہمارے پیر ایسے ویسے ہین کیا اور بعضے لوگ دیکھتے ہین کہ اس پیر کے پاس دولت بہت ہے اور بلکہ مرشد خوش ہوکر کیمیا بھی بتلا دینگے یا بعد حضرت مرینگے تو یہ تمام مال ہمکو ملیگا بیعت لیکر کھا دین مال پیر کھلاوینگے کال کو مرجاوین پیر گر تو وہ پاوینگے مال کو ، اور ویسا ہی پیرون کا حال بھی ہے پوچھو کہ کیا شیطانی

دام پھیلائے ہین کہ کچھ بیان نہین کیا جاتا فقط ان ابیات پر ختم ہے

ابیات

پیری و مرشدی کا زمانہ مین نام ہی
لقمہ حلال و حرام انہین حکم عام ہے

بھاوے مرید دوزخ و بہشت مین کہین
مرشد کو مگر حلوے و مانڈے سے کام ہے

لیوین نذر سفید اور سجدہ بھی کرا دین
نزدیک انکے رشوت یہ شیطانی دام ہے

لیوین نذر کھانا کھلا کھاوین حقہ بھی خوب
اور نصیب ہین مرید کے یک جھوٹا جام ہے

شجرہ لکھائے روپیہ ہونا ضرور ہے
شجرہ نہ ہو مرید وہ بے نام و کام ہے

یک نامی بھی ہونا ہے شجرے کو ڈھانکنے
نہ دامنی ہو وہ مرید بیجا و خام ہے

نہ حکم دین نماز نہ روزہ زکوٰۃ کا
نزدیک انکے یہ تو نا جائز حرام ہے

دو چار روپیہ لے کر دین مرید بس
ہوین کہ لیجین بخشا ہم روز قیام ہے

مسئلہ کہا ہوا ہے زبانی بزرگوان کا
کیا ماشاء اللہ مرحبا خاصہ کلام ہے

پانی پیو تم جہاں کے مرشد گرد بھی جانا
مرشد کہے تو کیا مگر شیطانی دام ہے

ایسا کہین نہ حکم خدا اور رسول کا
لاکن انھین سے آپ انہین کچھ علم ہے

ایسی مریدی مرشدی کرنے یہ ہی حیا
بل ایسے مرشدون کی بھی [illegible] حرام ہے

نہ ہو ریاض عبادت و جنت کو جائین یون
نانا کا گھر ہے اپنا و خالہ کا دھام ہے

بل ایسا نہین ایسا ہی دوزخ کو جائین [illegible]
کیونکہ ازل سے اسمین لکھا انکا نام ہے

پکوا کے کھانے کھاوین پیٹ [illegible]
کچی ڈکار رات بھر [illegible] مدام ہے

وہ یہ ہی مثل مشہور کہ بر حلوائی کی دوکان
بابا کی فاتحہ نیت دادا کے نام ہے

پس ایسے ایسے خیال کرے جو کوئی مرید کرے یا مرید ہووے انکو کبھی راہ حق حاصل نہو گی کیونکہ یہ مکار ہین اور مکارون پر حق تعالےٰ کی پھٹکار ہے اور جو شخص فی سبیل اللہ مرید کریگا یا ہویگا وہ منزل مقصود کو پہونچیگا کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے یَدُ اللّٰہِ فَوْقَ اَیْدِیْھِمْ فَمَنْ نَّکَثَ فَاِنَّمَا یَنْکُثُ عَلٰی نَفْسِہٖ یعنے جو کہ ہاتھ مرشد کا ہے وہی ہاتھ میرا ہے پس جب ہاتھ اللہ کا [illegible]

پھر غیر راہ چلنا خوب نہیں بلکہ روبرو حق کے منہ سیاہ کرنا ہے بیت ترسم نرسی بطرف
کعبہ اے اعرابی * کین راہ کہ تو میروی بترکستانست۔

در بیان اول و دوم و سوم بیعت کے

بیعت اول۔ توبہ یعنے گناہوں سے پرہیز کرنا بیعت دوسری۔ ایسا ارادہ کرے کہ نام میرا شمار میں صالحین کے ہووے اور جنت ملے بیعت سوم ارادہ مضبوط کرے کہ مجکو دیدار خدا کا اور داخلہ عاشقوں میں اور مجلس رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نصیب ہو پس جو شخص ان ارادے سے مرید ہوگا وہ مراد واصل ہوگی انشاء اللہ تعالے جو مراد کہ جسکے دل میں ہوگی اللہ تعالے وہ مراد بطفیل رسول صلی اللہ علیہ وسلم و بطفیل خاتون جنت و بطفیل بی بی عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالے عنہما و بطفیل چہار یار و بطفیل حسن و حسین و بطفیل جناب غوث پاک و بطفیل کل انبیا علیہ السلام و بطفیل اولیاء امت محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وسلم کے نصیب کریگا

بیان ذکروں کا

تفصیل ذکروں کی سنو کہ وہ پانچ زبان سے پانچ ذکر ہیں یہ جب کہ اپنے رہبر کامل سے بیعت کرے اسکی تلاش کرکے روز و شب ان ذکروں کو کیا کرنا ذکر اول ذکر جلی گوشت کی زبان سے ذکر دوم ذکر قلبی قلب کی زبان سے ذکر سوم ذکر روحی روح کی زبان سے ذکر چہارم ذکر سری نور کی زبان سے ذکر پنجم ذکر خفی ذات کی زبان سے اور اب کیفیت زبانوں کی سنو گوشت کی زبان نظر آتا سو گوشت قلب کی زبان خیال ہے اور روح کی زبان خوشی ہے اور نور کی زبان اپنے کو ذکر سے گم کرنا اور ذات کی زبان وصال یار کا پانا یعنی اس ذکر میں اتنی لذت ہوتی ہے کہ اگر کوئی دوسرے کو بھی پکارے وہ شخص یہ جانتا ہے کہ مجکو ہی بلایا۔ تحریر بموجب بیت
بن بلائے آپ آیا لطف کر تو اے لطیف * ہر گھڑی آواز دیتا رہ ہمیں گھر ملیل اندہ دیگر

جسم اندر نور نیکر صلب اندر گو شد ار ✤ نفس اندر ذات بشد این تواعد ہوشیار بموجب حدیث شریف کے لاالہ یعنے جسنے حق کو دیکھا انھون نے خلق کو نہین دیکھا بیت عامون نے چشم کھولکر پوست دیکھے ✤ خاصون نے چشم بند کر دوست دیکھے ✤ اور اس زمانے کے عاشق خلق کو دیکھتے ہین حق کو نہین جانتے ہین اور دم عاشقی کا مارتے ہین اگر کوئی پوچھے اللہ تعالے کیا ہی اور کیسا اور صورت یعنے تصویر مرشد کیونکر بنتی ہے اور ذکر کون سی زبان سے کرتے ہو اور نشست کون سی بیٹھتے ہو سو یہ انکو نہین معلوم بلکہ اُنسے کہو کہ اللہ تعالے فرماتا ہے فَاَیْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰہِ یعنی تم جدھر متوجہ ہو ادھر ذات اللہ تعالے کی ہے اور فرماتا ہے اللہ تعالے وَهُوَ مَعَكُمْ اَیْنَمَا كُنْتُمْ یعنے وہ تمھارے ساتھ ہے جس جگہ کہ تم ہو اور اگر انسے پوچھو کہ تم اللہ تعالے کے عاشق ہو کر کھاتے پیتے اور جیتے ہین کیونکر آتی ہے کیونکہ یہ راستہ عشق حقیقی کا تو کیا بلکہ عشق مجازی کا بھی نہین کیونکہ اگر کوئی شخص کسی عورت پر عاشق ہوا اور وہ عورت اگر دن بھر یا رات کو نہ آوے تو کھانا اور پانی اور نیند اسپر حرام ہوتی ہے اور تم عاشق اللہ تعالے کے ہو کر بغیر از وصال اسکے کھانا اور پینا اور نیند کو کیسا جانتے ہو اور سوتے ہو اور آرام کرتے ہو یہ کیسی عاشقی ہے اللہ تعالے خود فرماتا ہے وَفِیْ اَنْفُسِكُمْ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ یعنے میون ہین بیچ نفسون تمھارے کے اور نہین ہے بصارت تمکو اے عاشقو جو تمنے اللہ تعالے کو نہین دیکھا پھر کیونکر اسپر عاشق ہوئے اور جبکہ تم اسکی قدرت اور طاقت پر قرار نہین پکڑتے اور بلکہ نفس لعین کے کہنے پر اور اسکی قوت و قدرت زیادہ جانکر اسکے تابعدار بنتے اور خوب کھا پیکر بدن کے موافق سو رہے تو معلوم ہوا کہ اب تم پورے نفس کے عاشق ہوا اور اپنی خودی کے گرفتار اور جو کہ عاشق صادق ہین تو وہ ایسے ہین بیت نہ عاشق دنیا نہ صبح شام کے ✤ عاشق بنے تو مگر اسکے نام کے ✤ جیسا کہ فرماتا ہے اللہ تعالے

کُلُّ شَیْءٍ یَرْجِعُ اِلٰی اَصْلِہٖ یعنے تمام شی رجوع ہوتی ہے طرف اصل اپنی کے اور تمام کاملان اور واصلان حق اور سالکان طریقت اور عاشق حقیقت کو لازم ہی کہ پیروی اپنے مرشد کامل کی کرکے اسرار حقیقی راز سے واقف ہو اور اس عاجز کو بدعائے خیر یاد کیا کرین اُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ یعنی سپرد کیا مین نے اپنے کام بیشک دیکھتا ہے اللہ تعالی ساتھ حال بندون کے اور فرماتا ہی اللہ تعالی کُلُّ مَنْ عَلَیْھَا فَانٍ وَّیَبْقٰی وَجْہُ رَبِّکَ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

یہ نقشہ اور نسخہ جو مناسب اور مفید حال اول کے مدنظر ہے الکھا گیا انشاء اللہ تین دیکھ لین

هٰذا نسخهٔ مفیدہ

یک طبیب ہند جو یہان آزمودہ کار ہے درد دکھ امراض بدلی جانتا آزار ہے	تھا سو وہ خوش بولتا او کوچہ و بازار ہے معالجہ ہر رنگ کا مجھ پاس سب تیار ہے
	از مایوسے دوا کھا کر جو کوئی بیمار ہے
یون ہی وہ جنگل اجڑا اور اپنی طب کو کھول جسکو ہو درکار لینا کرکے اُس سے مول تول	سناتا ہے جڑی بوٹی ہی کا نام بول الغرض بھر تماشا خلق نے باندھی تھی غول
	آکے اتنے مین کوئی ایک مرد بنک وار ہے
اُس سے پوچھا اے طبیب حاذق حکمت پناہ وہ کہا میٹھی ہے ٹھنڈی ہی عجب اسمین مزا	حق کے پانے کی دوا حاضر ہے کچھ تو جانتا کھاؤگے تم یہ کہا ہان دیو تو مین کھاؤنگا
	جب لگا کرنے لگے تین وہ نسخہ کو اظہار ہے
شوق کے لے تخم پھلی اور لے حیرت کا جھاڑ صدق کی لے چھال جسمین شرک ہووے تو اُتار	ہستی کل مستی کی اپنے تخل کو جڑ سے اُکھاڑ مٹھ جاتنگے مکان مین کھول سینے کے کواڑ
	لے عز اصبر و توکل آسکے اللہ یار ہے
من عزت کا ترکھ تاسنگین بہتری عزیز	روح کا دل نفس باہم یہ تو گن کے تین جیز

فقط عرفت کا تر کہلاتا غیر تین سے خوب تیز
نور سرا اور ذات یہ تیز دوان ہوسے کرے تمیز
ایسے توحیز وان کو کے آمیز کریک پھار ہے

بعد ازان تالاش کر کے نا بشر کی خود کھرل
تو تبو کی ڈال باندی مین یہ سب اجزا کو مل
باد کی پھینی مین کر باریک اسمین جمع سب عمل
لکڑیان نیچے طبیعت کے جلا کر بے خلل
دم نشی دم کی لگادے عشق کی انگار ہے

یک بیک چمچہ محبت سے ہلا کر بے گمان
بے معلا وقت کو بجھا نکر پیے بے جوان
عقل کے کیڑے سے نسلیما کے کاسہ مین چھان
کرتا ہے یہ سات دن مین آویگا سب امتحان
اب تجھے یہ بہتر کی یک بات سے درکار ہے

مین پینے کو بجھانے سے تو دائم عزیز
نسخہ یہ بیساختہ عرفان مین سے کیا اتیا
کیونکہ یہ بادا پیالہ جانیر لاوے گداز
کہہ گئے ہین یہ مداوا حاذقان اہل نیاز
صحت کامل ہے اسمین جو صلت دیدار ہے

صوفیا گر درد دین ہو یاد حق کی کھا دوا
طمع خواہش ما و من کی چھوڑ سب حق ہوا
خیر اعظم کیمیا تاثیر اسکی ماسوا
جب شفاخانہ مین شافی کے شفا تو پائیگا
کہہ چکے ہان کر نکر پھر آگے تو مختار ہے

الحمد اللہ کہ یہ رسالہ مستطاب بنام تحفۃ العلاۃ لذت حیات من تصنیفات خاک پاے عارفین شیخ کریم الدین خلف واقف اسرار برگزیدہ درگاہ مطلق قطب العاشقین جناب شیخ ولی الدین قادری باشندہ ہردا پوری نے بمدد مرشد کامل تصنیف کیا فقط

نقشہ فال ہذا

راہ	وحدت (یگانگی)	معرفت (جاننا)	حقیقت (اصل)	طریقت (صفائی باطن کی)	شریعت (راستہ خدا کا بنایا ہوا)
منزل	ہاہوت	لاہوت	جبروت	ملکوت	ناسوت
وجود	شاہد الوجود	عارف الوجود	ممتنع الوجود	ممکن الوجود	لازم الوجود
موکل	حاجبائیل	اسرافیل	عزرائیل	میکائیل	عزازیل
نفس	نفس رحمانی	نفس مطمئنہ	نفس ملہمہ	نفس لوامہ	نفس امارہ
روح	روح قدسی	روح ملکی	روح انسانی	روح نباتی	روح حیوانی
احوال	انوار	اسرار	احوال	افعال	اقوال
دل	قلب منور	قلب شہید	قلب سلیم	قلب منیب	قلب مضغہ
محل	دار الوحدت	لامکان	مکان الہدایت	محل الصفا	محل ہوا
مراتب	نور	سر	روح	دل	نفس
ذکر	ذکر خفی	ذکر سری	ذکر روحی	ذکر قلبی	ذکر جلی
انسان	مغایبہ	مکاشفہ	معاینہ	مشاہدہ	مراقبہ
جنس	دوم علوی	لاہوتی	دوم ناطقہ	دوم ناجیہ	دوم حیوانہ

بـــــــــیـــــــسمّـــــــج

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والعاقبۃ للمتقین والصلوۃ والسلام علی رسولہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین۔ امابعد یہ رسالہ اربع عناصر الوجود حضرت آدم علیہ السلام وتجز حضرت محمدی روح الانسان بنیاد بہ راز دنیا زحق سبحانہ تعالیٰ کے کہتا ہے مانند یہ کہ بیچ وجود حضرت آدم علیہ السلام کے رہتا ہون مین بیان شریعت اول تن خاک واجب الوجود منزل ناسوت عبادت ذکر جلی پیر جبرئیل علیہ السلام گھر دل مقام حضرت مولا علی دروازہ منھ دوم عناصر تن طریقت بعد ممکن الوجود منزل ملکوت عبادت ذکر قلبی پیر عزرائیل علیہ السلام گھر پسلیان مقام حضرت امام حسنؓ دروازہ ناف سوم عناصر تن حقیقت آتش ممتنع الوجود منزل جبروت عبادت ذکر روحی پیر عزرائیل علیہ السلام مقام حضرت خاتون جنت گھر تیا دروازہ کان چہارم عناصر تن معرفت آب عارف الوجود منزل لاہوت عبادت ذکر سری پیر میکائیل علیہ السلام مقام حضرت امام حسینؓ گھر کلیجہ دروازہ انکھیان پنجم عناصر تن ضعیف خالی واحد الوجود منزل یاہوت وجود مخفی عبادت ذکر خفی پیر جبرئیل علیہ السلام مقام جناب محمد مصطفیٰ صلے اللہ علیہ وسلم گھر شاہ رگ دروازہ ناف سوال اگر تجھسے کوئی پوچھے کہ تن مین تیرے من عرف کا مقام کوسا ہے جواب بول کہ اول مغز دوم سینہ سوم ناف چہارم کمر سوال اگر تجھسے کوئی پوچھے کہ تن مین تیرے یہ چار مقام کس عرم سے رہتے ہین جواب بول کہ اول مغز مین خدا ہوکر رہتا ہے دوم سینہ مین محمد ہوکر رہتا ہے سوم ناف مین چہارم کمر مین ہوکر رہتا ہے سوال یہ چارون کا مقام کیا ہے جواب بول یک اللہ ہزار نام محمد پیر پیغمبر انبیا اولیا غوث قطب یعنے من عرف نفسہٗ فقد عرف ربہٗ سوال کہ من عرف کا مقام کہان کہان ہے جواب کمر مین جاکر من عرف ہوتا ہے ناف مین جاکر فقد عرف ہوتا ہے سینہ مین جاکر عزب ہوتا ہے مغز مین جاکر رب ہوتا ہے سوال تن مین تیرے شریعت طریقت

حقیقت معرفت کیا ہے جواب اول شریعت پوست ہے دوم طریقت گوشت ہے سوم حقیقت ہڈی ہے چہارم معرفت گد ہے سوال باطن شریعت کون ہے جواب باطن شریعت استخوان باطن طریقت آب باطن حقیقت پسینہ باطن معرفت لہو سوال تن میں تیرے چار پیر چودہ خوانوادے کہاں ہیں جواب اول پیر روح دوم پیر نفس سوم پیر ... چہارم پیر کلیجہ۔ اول اول خانوادہ مغز دوم انکھیان سوم کان چہارم ناک پنجم منھ ششم حلقوم ہفتم دونوں انکھیں ہشتم کمر نہم دلدگی دہم ناف یازدہم پنڈلیاں دوازدہم رانین سیزدہم پنڈلیاں چہاردہم قدم سوال روح کہاں ہے جواب سارے جسم میں ہے سوال عقل کہاں ہے جواب عقل تیرے من میں ہے سوال فہم کہاں ہے جواب فہم کلیجہ میں سوال تن میں تیرے سات طبق آسمان وسات طبق زمین وعرش وکرسی لوح وقلم کہاں ہیں جواب اول طبق آسمان مغز دوم طبق آسمان انکھیان سوم طبق آسمان کان چہارم طبق آسمان حلقوم پنجم طبق آسمان شہرگ ششم طبق آسمان دگدگی ہفتم طبق آسمان دل اول طبق زمین تارک دوم طبق زمین پشت سوم طبق زمین شکم چہارم طبق زمین ناف پنجم طبق زمین ران ششم طبق زمین پنڈلیاں ہفتم طبق زمین قدم۔ دم۔ عقل۔ عرش۔ کرسی۔ لوح۔ قلم۔ سوال چلتے وقت روح۔ دم۔ فہم۔ عقل کس جگہ رہتے ہیں جواب دم قدم میں اور روح ناف میں اور عقل دل میں فہم مغز میں قائم ہوتے ہیں سوال من عرف کہتے سو کیا ہے جواب دم کا گھوڑا روح کی زین عقل کی قمچی۔ فہم کا سوار ہے سوال من عرف نفسہٗ فقد عرف ربہٗ کسے کہتے ہیں جواب من عرف نفسہٗ عقل کو کہتے ہیں فقد عرف ربہٗ روح کو کہتے ہیں اور فہم رب کو کہتے ہیں سوال تن میں تیرے کتنے قبلہ ہیں جواب چار قبلہ ہیں اول قبلہ شریعت دوم قبلہ طریقت سوم قبلہ حقیقت چہارم قبلہ معرفت ہے سوال ان قبلوں کی وجہ کیا ہے جواب قبلہ اول شریعت جنوب قبلہ دوم طریقت شمال قبلہ سوم

حقیقت مشرق قبلہ چہارم معرفت مغرب سوال تن مین تیرے اندھیالا و اُجالا بموجب آیت قرآن مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ اِلَی الظُّلُمٰتِ سوال چار کتابین تن مین کہان ہین جواب اول کتاب مقام ناسوت دوم کتاب مقام ملکوت سوم کتاب مقام جبروت چہارم کتاب مقام لاہوت سوال یہ چارون مقام کیا ہین جواب ناسوت جسم کو کہتے ہین ملکوت پسلی کو کہتے ہین۔ جبروت پتے کو کہتے ہین۔ لاہوت کلیجے کو کہتے ہین۔ سوال یہ چار کتابین کسے ملین۔ کتاب اول ناسوت جبرئیل علیہ السلام کتاب دوم ملکوت اسرافیل علیہ السلام کتاب سوم جبروت عزرائیل علیہ السلام کتاب چہارم لاہوت میکائیل علیہ السلام سوال تن سات دریا کہان ہے جواب اول دریا مغز دوم دریا شہرگ سوم دریا کلیجہ چہارم دریا دم مین ہے پنجم دریا پتے کے پاس ششم دریا پھنسلی کے پاس ہفتم دریا دل مین علم کی ناف مین بنی آدم کے سوال تن مین چار یار کون ہے جواب اول یار روح دوم یار دم سوم یار عقل چہارم یار فہم سوال اُنکے فرشتے کون ہین جواب یہ کہ فرشتہ اول سہرورد قائم جبرئیل علیہ السلام متعلقہ دوم فرشتہ چشتیہ اسرافیل علیہ السلام سوم فرشتہ عزرائیل علیہ السلام چہارم فرشتہ میکائیل علیہ السلام سوال تن مین تیرے عرش کہان اور اُسمین ندیان کہان اور نام اُنکا کیا جواب دو باطن ہین۔ دو ظاہر ہین۔ باطن کے دو شہرگ ظاہر کے دو فرہاد سوال تن مین تیرے نیکی کیا چیز اور بدی کیا چیز اور ایمان کیا چیز اور تکبری کیا چیز جواب نیکی ایمان کی مان اور بدی تکبری کی مان اور ایمان شمش ہے اور تکبری قمر ایمان اُجالا اور تکبری اندھیالا سوال ایمان کسکے ہاتھ مین جواب تن مین تیرے۔ موت حیات خدا۔ ابلیس۔ یہ چارون کہان رہتے ہین جواب موت مغز مین حیات جگر مین خدا موت مین ابلیس حیات مین سوال تن مین تیرے دو اُنگلی کی لمبائی کہتے سو کہان جواب زبان سوال زبان کیا بولتی ہے اور اوپر کالب کیا بولتا ہے اور نیچے کالب کیا کہتا اور تمام دانتان کیا کہتے ہین جواب اوپر کالب لَا اِلٰہَ اور نیچے کالب اِلَّا اللّٰہُ اور زبان محمد اور تمام دانت رسول اللہ بولتے ہین سوال

تن مین تیرے بارہ ہاتھ کا ہاڑ کہان ہی جواب مغز کو ناپتے ہین سوا ہاتھ کا اور سلف
پونے گیارہ ہاتھ سوال یہ بھید جاننے والا اور نہ جاننے والا ہوا سکو کیا کہتے ہین
جواب جو کہ جانتا ہی وہ انسان ہے اور جو کہ نہین جانتا حیوان مطلق ہی سوال من
کا دروازہ کون سا ہے جواب دونون انکھیان مگر لازم ہے کہ دونون آنکھون سے
جو کہ نور منظور روشن ہے سوال سے کیا دیکھنا جواب اگر معلوم ہووے تو دیکھنا
یہ رسالہ جناب حضرت عثمان علیہ الرحمۃ کا ہی فقط

تمت

این رسالہ دیگر در بیان رمزان محل کے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

در بیان مقامون کے نو مقام سو یہ ہین

مقام اول ناسوت - مقام دوم ملکوت - مقام سوم جبروت - مقام چہارم لاہوت
مقام پنجم ہاہوت - مقام ششم ہاہوت عشق - مقام ہفتم سیاہوت وصل
مقام ہشتم محمود - مقام نوان نصیر اناک پانچ وجود اول وجود واجب الوجود
دوسرا وجود ممکن الوجود - تیسرا وجود ممتنع الوجود - چوتھا وجود عارف الوجود - پانچوان
وجود واحد الوجود - مقامات ناسوت مقام فعل کا - ملکوت مقام وجود کا - جبروت
مقام دل کا - لاہوت مقام نظر کا - ہاہوت مقام ذات کا - واجب الوجود
دیکھتا سو - ممکن الوجود تیرتا سو - ممتنع الوجود دیکھتا سو عارف الوجود بوجھتا سو - واحد
الوجود رہتا سو - ناسوت مقام حیوان کا - ملکوت مقام فرشتون کا - جبروت
مقام پیغمبرون کا - لاہوت مقام عاشقون کا - ہاہوت مقام محبوب کا -
معشوق در ہاہوت - عاشق در ہاہوت عارف در جبروت زاہد در ملکوت - عالم در
ہاہوت یعنے ذات کا - وجود معشوق نظر کا - وجود عاشق دل کا - وجود پیغمبران کا -

فعل کا وجود فرشتون کا۔ حیوانون کا وجود ناسوت کا۔ کن معنی خودی ملکوت کی کن
پاکی اور پاکیزگی کن جبروت کی اول یاد اللہ لاہوت کی۔ کن دیک یاہوت کی کن
خوشی اور خفی۔ ذات کا فعل۔ نور کا فعل روح کا۔ جیو کا فعل دم ہلنا۔ دم کا فعل چلنا
ذات کا پردہ ذات کو ہے صفات کا پردہ جسم کو۔ اسم اسم پردہ فعل کا تمہارے وجود کا
ہیچ اُسکا تمہارے نفس کا پردہ ابلیس کا۔ تمہارے دل کا پردہ محمد کا۔ تمہارے جیو کا
پردہ اللہ کا ہی جبرئیل یار دوازدہ زبان میکائیل قطرہ دروازہ آنکھ عزرائیل سر
دروازہ کان اسرافیل وسواس دروازہ ناک۔ بندگی شریعت کی دم سے۔ طریقت
عقل سے۔ بندگی حقیقت دل سے۔ بندگی معرفت روح سے۔ نماز واسطے اُسے کہتے ہین
بندگی وحدت کی ذات سے تعلق ہے اس تن مین بادشاہ ہین سو اول بادشاہ روح
علوی وزیر اُسکا سفلی دوم بادشاہ دل وزیر اُسکا زبان سوم بادشاہ نفس وزیر اُسکا
شیطان منگتا سو۔ نفس پوچھتا سو دل دیکھتا سو۔ روح کرتا سو۔ سر سوتا سو نفس
جاگتا سو۔ ذات بوجھ بیان کلمہ لَا اِلٰہَ سو جمع ہوا اِلَّا اللّٰہُ سو جی پکڑا محمد رسول اللہ
سو روشن ہوا درخت زیتون روح کے معنی درخت تو بہ نور کے معنی درخت دیکھ شجرہ
شجرۃ الا تھا گنج مخفی۔ بیت المعمور آنکھ۔ بیت المقدس نظر۔ روح علوی میثاق یعنے
آواز۔ روح سفلی محشر یعنے دیکھنا دم قبلہ پھیرتا۔ دم مکہ ہون بولتا ہی۔ اترتا مدینہ حق
پڑتا ہی۔ پیالہ دودھ محبت باقی رہا سو۔ وسواس جاہلی شراب۔ عشق قطرہ آہ آب
شہد غفلت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہتے ہین لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنَا ھُوَ اللّٰہُ کلمہ خود تعالےٰ
لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ

تمت

سنگار	بسم اللہ الرحمن الرحیم	نامہ

یون فرماتے ہین عارفان کاملان یعنی جا تو تفسیر توحید کے باب مین یون کہتے ہین تو باپ اور
سات مان کی تفصیل اور چار فرزندان انمین تین تھے ایک کو کپڑے نہین مگر اُسکے آستین
پھٹے تھے اور وہ چارون ملکر بازار کو گئے وہ بازار جو مین جھون کا تھا سو اُس بازار
مین چار کمان تھے تین ٹوٹے اور ایک کا چلہ وگوشہ نہین جسکی آستین مین پھٹے تھے

چلہ وگوشہ نہ تھا سو کمان لیے وہان چار تیر تھے تین ٹوٹے ایک کا میان اور سفارہ نہ تھا سو یہ تیر لیکر جاتے تھے وہان چار ہرن تھے سو تین تو ایک کی جان نہین سو اسپر ان کو میان و سفارہ نہ تھا سو تیر اور چلہ وگوشہ نہ تھا سو کمان مین تیر کو جوڑ کر اُس ہرن کو مار گرایے بعد ازان اُسکو باندھنے کے واسطے رسی دیکھی تو وہان چار رسیان تھین تین ٹوٹی اور ایک کوانی اور میانہ نہ تھا سو ی رسی باندھکر واسطے نکالنے کے لے چلے وہان چار گھر تھے تین ٹوٹے اور ایک آبادنہ تھا سو ی گھر مین لیگئے وہان ایک محراب تھی اُس محراب مین ایک ہانڈی تھی اُسکو نکالنے کے واسطے ہاتھ اور بڑھائے سو ہاتھ بڑھا نہین بعد ایک پتھر رکھکر ہاتھ بڑھایا تب بھی نہین بڑھا بعد ازان پانچ گز زمین کھودی اور اُسمین اُترکر وہ ہانڈی نکالی اور اُس ہانڈی مین ہرن کو پکائے اور چارون ملکر کھانا کھاتے تھے اتنے مین اور ایک جنا آکر بلا اور بولا کہ میرا بھی حصہ دیو تب اسنے ایک ہڈی دی اور وہ ہڈی اُسکے ہاتھ مین پڑی سو ہڈی سے خربوزے کا بیج ہوا اور وہ بیج کو زرد لوکی پیدا ہوئی اور اُس بیل کو پہونچانے لگی اسے سب عالم نے کھایا اُس سے سب کا پیٹ پھولا اور آپ اُنھون سے خارج ہوا اور کھڑا تماشا دیکھنے لگا۔

بیان تفصیل راز مذکورۂ بالا کے خاص طور سے سنو اور غور کرو

یعنے نو باپ سو نو مقام ہین اول مقام **ناسوت** دوم مقام **ملکوت** سوم مقام **جبروت** چہارم مقام **لاہوت** پنجم مقام **یاہوت** ششم مقام **میاہوت** ہفتم مقام **یاہوت** ہشتم مقام **نصیر** انہم مقام **محمود** یہ نو باپ ہوے اور دوسری روایت مین سات طبق آسمان وکرسی ولوح وقلم یہ نو باپ ہین اور تیسری روایت مین ظاہر وجود پر یہ ہین **منھ ہر دو چشم ہر دو کان - ناک - رخسارہ - جاے میدان** - اب سات مان کی تفصیل جانو **دل کلیجہ پھیپھا پتا بھیجا اوجھڑی انتڑی** - یہ باپ اور مان آپس مین ملکر لذت لیتے ہین جیسے دل کا پانی پیتی ہین اور دونون آنکھین کلیجہ کا پانی ہین اور بینی پھیپھسے کا پانی پیتی ہی ہر دو کان پتے کا پانی پیتے ہین تالو بھیجے کا پانی پیتا ہی جاے میدان وجڑی کا پانی پیتی ہی جاے بل انتڑی پانی پیتی ہی یون ملکر رہتے ہین اب چار فرزندون

کا بیان یعنی چار فرزند تین ننگے ایک کو کپڑا نہین سو یہ چار فرزند اول نفس امارہ یعنی تن
ننگا فرزند دوم نفس لوامہ یعنے دل ننگا فرزند سوم نفس ملہمہ یعنے روح ننگا چہارم فرزند نفس
مطمئنہ یعنے نور اُسکو کپڑے نہین دے اُسکے ہاتھ مین پٹکے تھے یعنے اس نور کے
نزدیک دو مرتبہ ہین ایک آستین یعنے قدرت دوسری کرامت یعنے پٹکے تھے یہ
چارون ملکے بازار کو گئے وہ بازار چوبیس جنس سے گرم تھا۔ جنس اول رگ دوم گوشت
سوم ہڈی چہارم بال مغز پیشانی پیشاب خون آب منی بھوک پیاس سستی نیند عظم
ہلنا چلنا کانپنا جماہی بھولنا شہوت مہر بخیلی غصہ نقل اُس بازار کو کہتے ہین کہ اُس بازار مین
چار کمانین تھین تین ٹوٹی ایک کا چلہ وگوشہ نہ تھا۔ اول کمان خاک یعنے وجود۔ دوم کمان
آب یعنی نفس سوم کمان باد یعنے روح چوتھی کمان عشق یعنے آتش ہے سو عشق ذاتی ہے
عشق کو چلہ وگوشہ حاجت نہین اور چار تیر تھے تین ٹوٹے ایک کا میان اور سفارہ تھا
تیر اول روح ملکی تیر دوم روح قدسی تیر سوم روح سفلی تیر چہارم روح علوی شاہ ذاتی ہے
اُس تیر کو میان اور سفارہ حاجت نہین اور چار ہرن تھے تین مرے ایک کا جیو نہین اول
ہرن تن کثیف یعنی وجود محمدی دوم ہرن تن فنا یعنی محمدی تیسرا ہرن تن بقا یعنی احمدی
یہ تین مرے چوتھا ہرن تن لطیف یعنے احمد تن ذات کا ہے ذات بیچون وبیچگون وبے
شبہہ وبے نمون ہے اور فرزند نفس مطمئنہ نور ہے سو عشق کی کمان لیکر اس تیر علوی کو جوڑ کر
چھوڑے اور ہرن ذات حق کو مار گرائے بعد از اُس ہرن کو باندھنے کے واسطے رسی دیکھی
سو وہان چار رسیان تھین تین ٹوٹی ایک کونی اور میان نہ تھا اول رسی بولنا دوم رسی
سُننا سوم رسی دیکھنا یہ تینون ٹوٹی چوتھی رسی ملنا سو رسی کونی اور میان حاجت
نہین سو ملنے کی رسی سے باندھکر واسطے پکانے کے لے چلے وہان چار گھر تھے تین
ٹوٹے ایک بستا نہین۔ اول گھر شریعت دوم طریقت سوم حقیقت یہ تینون ٹوٹے
چہارم معرفت کا گھر بستا نہین وے بستا ہے وگھر حقتعالیٰ کا ہے اسی گھر مین گئے وہان ایک
محراب تھی اس محراب کو قبولیت کی محراب بولتے ہین اس محراب مین ایک ہانڈی تھی
اُس ہانڈی عبودیت کی ہانڈی بولتے ہین اُس ہانڈی کو نکالنے کے واسطے ہاتھ بڑھایا تو ہاتھ

بڑھا نہین بعدہ ایک پتھر کو رکھکر ہاتھ بڑھایا تب بھی ہاتھ بڑھا نہین اس پتھر کو مٹے پنے کا
پتھر بولتے ہین بعد اُسکے پانچ گز زمین کھودی اول گز زمین ذکر جلی دوم گز زمین ذکر قلبی
سوم گز زمین ذکر روحی۔ چہارم گز زمین ذکر سری پنجم گز زمین ذکر خفی یہ پانچ گز زمین کھودکر
نیچے اُترے اور اُس ہانڈی کو نکالا اُس ہانڈی مین اُس ہرن کو عشق کی آگ سے پکایا یعنے
ملا احد ذات حق اُسے کھاتے تھے اور لذتین لیتے تھے اتنے مین اور ایک جنا آکر ملا اور
بولا کہ میرا بھی حصہ دیو جو کہ یہ بولا اُسے نفس شیطان بولتے ہین سو اُسکو ایک ہڈی دی وہ
ہڈی اسکے ہاتھ مین سے گر پڑی وہ خربوزے کا بیج ہوا جسے دلم بولتے ہین اُس بیج سے
زرد آلو کی بیل ہوئی اُس بیل کو بجانے لگے یعنی عورت اور لوگ اُسکے ہو سو دنیا
اُس بجانے کو سب لگے اُنکون کا پیچ پیچ لا سو سب دنیا کی گرفتاری مین گرفتار
ہوئے اور آپ ہی وہان کھڑا ہو تماشا دیکھتا حضرت سید محمد حسینی گیسو دراز قدس
اللہ سرہ العزیز فرماتے ہین کہ مین اُن سے ون خارج ہوا اور مین اللہ سے واصل ہون

رسالہ دیگر وجودیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

خدا سے شریعت کرکے ہم اس عالم مین آئے اسمین رہکر شریعت ادا کرنا چاہیے نفس ہمارا
کہے تو کیا یعنے ادنے غیر کی طرف دوڑتا ہی اور غیر مانگتا ہے اور عقل و قیاس کہے تو کیا یعنی جیسا کہ نفس
مانگتا ویسا ہی عقل مین آتا ہی اور اُس سے خطر پرورش ہوتے ہین شہادت مین حد کہتے تو کیا یعنے
ابتک کہتے سو گذر کرنا اور پیر کے کہنے مین چلنا اور اللہ تعالے نے پتلہ آدم مین پانچ منزل
یعنے وجود پیدا کیا منزل اول ناسوت پانچ چیزون سے پیدا کیا خاک آب
ہوا آگ نور اور ان پانچون سے پچیس گن ہین گن خاک کے پانچ ہڈی گوشت چمڑا
رگ بال گن پانی کے پانچ مغز جلاب بھیرا اراقت منی گن آگ کے پانچ بھوک
پیاس نیند مستی غصہ گن ہوا کے پانچ ہلنا چلنا جمائی سوجنا۔ کانپنا گن نور کے
پانچ شہوت مہر بخیلی غصہ ڈر اور پانچ عناصرون کے پانچ پھل ہین خاک کا پھل سونگنا

پانچ پھل جاگنا آگ کا پھل دیکھنا ہوا کا پھل لگنا نور کا پھل سننا اور اُنکے پانچ فرشتے ہین
اور پانچ رنگ ہین مٹی کا رنگ پیلا فرشتہ جبرئیل علیہ السلام رنگ پیلا پوشاک پیلی گھر تلے
دروازہ منھ پانی کا رنگ لال فرشتہ میکائیل علیہ السلام رنگ لال پوشاک لال گھر
کلیجہ دروازہ آنکھین آگ کا رنگ کالا فرشتہ عزرائیل علیہ السلام رنگ کالا پوشاک کالی
گھر تپہ دروازہ کان باد کا رنگ ہرا فرشتہ اسرافیل علیہ السلام رنگ ہرا پوشاک ہری
گھر پھیپھسا دروازہ ناک نور کا رنگ سفید فرشتہ عزازیل علیہ اللعنت رنگ سفید پوشاک
سفید گھر سر دروازہ تالو رمز عین پہچانت خدا کی ہے سو فرمایا ہے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم
مَنْ عَرَفَ نَفْسَہٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّہٗ اُسکے معنی جان کے جو کوئی پہچانے اپنے نفس کو بس
پہچانا اُسنے خدا کو اور اسی نور کو نور محمدی کہتے ہین اب تو جان کہ جو تیری منزل اول
وجود خاکی تن کے بیچ دوسرا ایک اور تن ہے اور اسکو منزل دوم ملکوت بولتے ہین
روحانی اُسکی صورت تیرے ظاہری صورت کے مانند ہے مگر اس تن کو مرنا اور فنا
نہین اور وہ تن گلاے تو گلتا نہین اور توڑو تو ٹوٹتا نہین کاٹو تو کٹتا نہین اور
جلاے تو جلتا نہین اور دوباے تو دوبتا نہین کیونکہ اصل مین پیدایش اُسکی نور سے ہے
اور وہ نور پاک منزہ ہے خاص تن کی نسبت سو جد کی صورت مگر دیکھتا ہے مثال جون فانوس
مین چراغ کی روشنی فانوس کے مانند دیکھتی ہے اور وہ تن اور سہی جو کہ خواب مین نکلتا ہے
تیرے جسد سواے روح سفلی مثال اُسکو ممکن کہتے ہین یہ روح روز میثاق کے پیدا ہوئی ہے
جبکہ حق تعالی نے اُس روح کو بلا کر پوچھا کہ اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ یعنے کہا مین تمھارا پروردگار ہون
تب یہی روح یعنی تمام روحون نے جواب دیا کہ قَالُوْا بَلٰی یعنی تو بیچ پروردگار ہمارا ہے اور وہ
روح اس تن مین تمام عضو کے ساتھ تیری صورت اور شکل پکڑ کر تیرے جسد کے بیچ پہونچی
ہے بلکہ اس جسد کا ہلنا چلنا دیکھنا سننا جاگنا سونگھنا چکھنا سب اسی سے ہے اور لذت
ذوق اور آزار درد پانی بارا بھی وہی ہے اس جسد سے باہر سیر کرتا ہے زمین و آسمان عرش
و کرسی بلکہ تحت الثرا تک یک ساعت مین سیر کر کے آتا ہے اور یہی روح جبکہ جسد سے نکل
جاتی ہے تب تن مردہ ہو جاتا ہے جیسا کہ نیند کے وقت مین اور عین روح کے نکلنے کو نیند بولتے ہین

